فوری ریلیز کے لیے: 20/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

مغربی نیو یارک میں، گورنر HOCHUL کی جانب سے نئے انتہائی بڑے ڈیٹا سینٹرز پر ریاست گیر پہلی عارضی پابندی پر روشنی، اقدام کی حمایت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

ملک میں ایک ایسا نمایاں ریگولیٹری فریم ورک قائم کیا جائے گا جو نرخ دہندگان، ماحول اور نیو یارک کے شہریوں کا تحفظ کرے

ایک سال کا تعطل یقینی بنائے گا کہ نیو یارک کے شہری ٹرانسمیشن اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے ادائیگی نہ کر رہے ہوں

ریاست نیو یارک کے ڈیٹا سینٹر کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک کی تشکیل کی جائے گی جس سے مقامی آبادیوں کو نئے ترقیاتی کاموں سے لاکھوں ڈالرز کمانے کا موقع مل سکے گا

گورنر پوری ریاست میں بڑے ڈیٹا سینٹرز کے لیے سیلز ٹیکس کی چھوٹ ختم کرنے کے لیے قانون سازی کریں گی

کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک کے لیے پالیسی آؤٹ لائن یہاں دستیاب ہے

ایگزیکٹیو آرڈر کی ایک نقل یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج مغربی نیو یارک کے ریاستی، کاروباری اور مقامی رہنماؤں کے ساتھ ایک گول میز اجلاس منعقد کیا تاکہ اپنے اس ایگزیکٹیو آرڈر پر روشنی ڈال سکیں جو نئے انتہائی بڑے ڈیٹا سینٹرز پر ملک کی پہلی عارضی پابندی عائد کرتا ہے اور ڈیٹا سینٹرز کی تیاری کے لیے سخت ترین معیارات قائم کرتا ہے اور مقامی علاقوں کی معاونت کے لیے ایک خاکہ تیار کرتا ہے۔ گورنر ملکی قیادت کرنے والا ایک ریگولیٹری فریم ورک تیار کرنے کے لیے ریاستی ماحولیاتی اجازت ناموں کا اجرا عارضی طور پر ایک سال تک کے لیے روک رہی ہیں، جو نرخ دہندگان، ماحول، توانائی کے گرڈ اور پوری ریاست کی کمیونٹیز کا تحفظ کرے گا۔

"یہاں نیو یارک میں، ہم اپنی کمیونٹیز پر یوٹیلیٹی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کا بوجھ نہیں ڈالیں گے اور نہ ہی ان کے محنت سے کمائے گئے ٹیکس کے پیسے ایسے بڑے ڈیٹا سینٹرز پر خرچ ہونے دیں گے جو ان کے مستقبل کو ترجیح دینے کے لیے تیار نہیں ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ملک میں اپنی نوعیت کی یہ پہلی، ریاست گیر عارضی پابندی نیو یارک کو اپنا گھر کہنے والوں کی کامیابی کو اوّلین ترجیح دے رہی ہے، نیز ہم ایسا فریم ورک تیار کر رہے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہماری کمیونٹیز کو ان پروجیکٹس کی معاونت کے لیے ماحولیاتی اثرات نہ سہنے پڑیں اور نہ ہی ان کی قیمت ادا کرنا پڑے۔"

آج کے گول میز اجلاس میں مندرجہ ذیل افراد شامل تھے:

- Krista Atkinson (کرسٹا ایٹکنسن)، ایگزیکٹیو ایڈمنسٹریٹر، ٹوناوانڈا چیمبر آف کامرس
- Melisa Dettbarn (میلیسا ڈیٹ بارن)، استاد، کینمور، ٹوناوانڈا اسکول ڈسٹرکٹ
- Ted Kusio (ٹیڈ کوسیو)، ریٹائرڈ ڈیجیٹل ڈیزائنر

- Kate Powers (کیٹ پاورز)، سابق پروفیسر
- Frank Laurendi (فرینک لارینڈی)، ریٹائرڈ تعمیراتی انجینئر
- ریاستی سینیٹر Jeremy J. Zellner (جیرمی جے زیلنر)
- اسمبلی کی اکثریتی رہنما Crystal Peoples-Stokes (کرسٹل پیپلز-اسٹوکس)
- رکن اسمبلی William Conrad (ولیم کونریڈ)
- کاؤنٹی کی نائب ایگزیکٹو Lisa Chimera (لیزا کائمیرا)، ایری کاؤنٹی
- میئر Michael Ferguson (مائیکل فرگوسن)، فریڈونیا
- John Flynn (جان فلن)، ٹاؤن سپروائزر، ٹوناوانڈا ٹاؤن
- میئر Austin Tylec (آسٹن ٹائلک)، سٹی آف نارتھ ٹوناوانڈا
- میئر Patrick Mang (پیٹرک مینگ)، کینمور گاؤں

ریاست نیو یارک میں مصنوعی ذہانت اور دیگر کمپیوٹنگ سرگرمیوں کے باعث ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر کی طلب میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے۔ طلب میں اس اضافے کے نتیجے میں پوری ریاست میں ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر اور آپریشن کے مجوزہ منصوبے سامنے آئے ہیں، جہاں ہزاروں کمپیوٹر سرورز چلانے اور انہیں ٹھنڈا رکھنے کے لیے بہت بڑی مقدار میں توانائی اور پانی درکار ہو سکتا ہے۔

اس سال کے شروع میں، گورنر نے محکمۂ عوامی خدمت (Department of Public Service, DPS) کو ہدایت کی تھی کہ وہ Energize NY نامی ضابطہ جاتی عمل کا آغاز کریں، جس سے ڈیٹا سینٹرز کو پابند بنایا جائے گا کہ وہ یا تو اپنی توانائی کے لیے زیادہ ادائیگی کریں یا خود اپنی توانائی فراہم کریں تاکہ ریاست کو یہ موقع ملے کہ وہ نیو یارک کے شہریوں کے لیے توانائی کو مزید حسب استطاعت رکھ سکے۔ اس کارروائی کے حصے کے طور پر، گورنر اب DPS کو ڈیٹا سینٹرز کے لیے عمومی ماحولیاتی اثرات کا بیان (Generic Environmental Impact Statement, GEIS) تیار کرنے کی بھی ہدایت دے رہی ہیں، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ فعال ہونے والے نئے ڈیٹا سینٹرز پر یکساں معیارات لاگو ہوتے ہیں۔ اس GEIS کی تیاری کے دوران، جس میں ایک سال تک لگ سکتا ہے، عارضی پابندی نافذ رہے گی اور محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) ایسے کوئی صوابدیدی اجازت نامے جاری نہیں کرے گا جن کی درخواستوں کو پہلے ہی مکمل نہیں قرار دیا گیا تھا۔ ریاست GEIS کے ذریعے ریاست میں ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر اور آپریشن کے ممکنہ ماحولیاتی اثرات کا تجزیہ کرے گی، جن میں توانائی کی طلب، پانی کے استعمال اور معیار، اور ہوا کے معیار پر ان کے اثرات شامل ہیں۔ جب ریاست نے ان معیارات کو حتمی شکل دے دی تو یہ عارضی پابندی ختم کر دی جائے گی، جس سے ڈیٹا سینٹرز کے نئے پروجیکٹس پر پیش رفت ممکن ہو گی، بشرطیکہ وہ ریاستی تقاضوں، زوننگ کوڈ اور دیگر مقامی منظوریوں کی پابندی کریں۔

گورنر نے امپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ (Empire State Development, ESD) کو 60 دن کے اندر کمیونٹی سرمایہ کاری فریم ورک (Community Investment Framework, CIF) جاری کرنے کی بھی ہدایت دی، جو مقامی اداروں کو واضح رہنمائی فراہم کرے گا تاکہ وہ کسی بھی بڑے ڈیٹا سینٹر معاہدے کے حصے کے طور پر کمیونٹی کے فوائد پر مذاکرات کر سکیں، جن میں مقامی بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں کے اقدامات، نگہداشتِ اطفال میں سرمایہ کاری، اور اپنی کمیونٹی کے لیے براہِ راست مالی معاونت شامل ہیں۔ CIF ایسے فریم ورکس کو بھی قائم کرے گا جن کے ذریعے منظم مزدور تنظیموں کو بھی فیصلہ سازی میں باقاعدہ نمائندگی دی جائے گی جبکہ ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر کے لیے رائج اجرت کے معیار اور پروجیکٹ لیبر ایگریمنٹس کو نیز مقامی افراد کی بھرتی، اپرنٹس شپ پروگرامز اور افرادی قوت کی ترقی پر بھی توجہ دی جائے گی، تاکہ معاشی فوائد کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جا سکے۔ اس فریم ورک میں ایک ایسا فارمولہ بھی شامل ہو گا جو کمیونٹیز کو یہ جانچنے میں مدد دے گا کہ سرمایہ کاری سے متعلق مذاکرات کہاں سے شروع کیے جائیں۔ CIF کا ایک خاکہ فی الحال ESD کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، اور عوام کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے وہ اپنی رائے سے آگاہ کریں۔

مزید برآں، گورنر DPS کو ہدایت دے رہی ہیں کہ وہ نیو یارک گرڈ ایکسلریشن فنڈ (New York Grid Acceleration Fund) کے قیام پر غور کرے تاکہ ڈیٹا سینٹرز سے ریاست کے پرانے ہوتے گرڈ کے بنیادی

ڈھانچے اور توانائی کی ضروریات میں سرمایہ کاری کا تقاضا کیا جا سکے اور نتیجتاً ذمہ دارانہ ترقی سے نیو یارک کے تمام شہری فائدہ اٹھا سکیں۔ اس فنڈ کو نئی صاف توانائی کی فراہمی کے حصول اور ایک انشورنس پول کے قیام کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جس میں ڈویلپرز کو ممکنہ طور پر حصہ ڈالنا پڑ سکتا ہے، تاکہ بجلی کے ایسے بڑے، قیاس پر مبنی بوجھ سے تحفظ فراہم کیا جا سکے جو غیر یقینی صورتحال پیدا کرتے ہیں اور لاگت میں اضافہ کرتے ہیں۔ DPS ایسے طریقوں پر بھی غور کرے گا جن کے تحت ڈیٹا سینٹرز کو اپنی سرگرمیوں کے لیے مخصوص نئی صاف بجلی کی پیداوار کو فنڈ کرنے کا پابند بنایا جا سکے، جن میں صارف کے مقام پر تقسیم شدہ توانائی کے وسائل اور بیٹری اسٹوریج بلاتحدید شامل ہیں۔

آخر میں یہ کہ گورنر Hochul (ہوکل) پوری ریاست میں بڑے ڈیٹا سینٹرز کے لیے سیلز ٹیکس کی چھوٹ ختم کرنے کے لیے قانون سازی کر رہی ہیں۔

ریاستی سینیٹر Jeremy Zellner (جیرمی زیلنر) نے کہا، "مغربی نیو یارک جدت اور معاشی ترقی کا خیرمقدم کرتا ہے، لیکن یہ کام ذمہ دارانہ انداز میں اور ہماری کمیونٹیز کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے انجام پانا چاہیے۔ جیسے جیسے ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر میں پیش رفت ہو رہی ہے، ہمیں ایسے مضبوط معیارات کی ضرورت ہے جو نرخ دہندگان کا تحفظ کریں، ہمارے ماحول کو محفوظ رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ مقامی کمیونٹیز کو فیصلوں میں نمائندگی حاصل ہو۔ میں ذمہ دارانہ ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر کے لیے ملک کے پہلے فریم ورک کے قیام کی کارروائی کرنے اور اس بات کو تسلیم کرنے پر گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کو سراہتا ہوں کہ اس صنعت کا مستقبل جواب دہی، شفافیت اور ہمارے پڑوسیوں کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا جانا چاہیے۔"

رکن اسمبلی Bill Conrad (بِل کونریڈ) نے کہا، "اس مسئلے پر اپنے حلقۂ انتخاب کے سینکڑوں افراد کی بات سننے کے بعد یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ ہمیں ڈیٹا سینٹرز کے معاملے میں لازمی 'وقفہ دینا' چاہیئے، تاکہ ریاستی اور مقامی حکومتوں کو ان کے مثبت اور منفی دونوں اثرات کو مکمل طور پر سمجھنے اور ان پر غور کرنے کے لیے مناسب وقت مل سکے۔ خاص طور پر یہاں بالائی ریاست نیو یارک میں، جہاں ہمارے پاس ڈویلپرز کو پیش کرنے کے لیے بہت کچھ موجود ہے، ہمیں دانش مندی سے فیصلے کرنے چاہیئیں اور اس خطے کے قدرتی وسائل، یونین کی ملازمتوں، نرخ دہندگان کی جیبوں، اپنے ٹیکس بیس اور ایک مجموعی معیارِ زندگی کا درست انداز میں تحفظ کرنا چاہیے۔ دوسرے الفاظ میں، ہمیں درست توازن قائم کرنا ہو گا۔ میں اس معاملے پر گورنر Hochul (ہوکل) کے ہم سے مشابہ نقطۂ نگاہ کو اور کمیونٹی کے افراد سے براہِ راست رائے لینے کے حوالے سے ان کی ہمہ وقت آمادگی کو سراہتا ہوں۔ بالآخر، ہم ایک بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی کو ذمہ دارانہ انداز میں جگہ دے سکتے ہیں اور ساتھ ہی ڈیٹا سینٹرز کے بارے میں لوگوں کے جائز خدشات کو بھی سنجیدگی سے مدِنظر رکھ سکتے ہیں۔"

ایری کاؤنٹی کی نائب ایگزیکٹو Lisa M. Chimera (لیزا ایم کائمیرا) نے کہا، "ایری کاؤنٹی جدت اور معاشی مواقع کا خیرمقدم کرتی ہے، لیکن اس پیش رفت کے ساتھ ہماری کمیونٹیز کے تحفظ، قدرتی وسائل کی حفاظت اور خاندانوں کے لیے توانائی کو ارزاں رکھنے میں توازن ضروری ہے۔ یہ عارضی پابندی نیو یارک کو ہمارے ماحول، توانائی کے گرڈ اور نرخ دہندگان کے تحفظ کے لیے سوچ سمجھ کر حفاظتی اقدامات تیار کرنے کا وقت دیتی ہے جبکہ ذمہ دارانہ ترقی کے لیے واضح توقعات بھی وضع کرتی ہے۔ انتہائی بڑے ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر سے متعلق اس ایگزیکٹیو آرڈر پر دستخط کرنے اور ایسا فریم ورک تیار کرنے کے لیے متعلقہ فریقوں کو اکٹھا کرنے کے سلسلے میں قیادت کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتی ہوں، جو جدت کی معاونت کرتے ہوئے نیو یارک کے شہریوں کو اوّلین ترجیح دیتا ہے۔"

نارتھ ٹوناوانڈا ٹاؤن کے میئر Austin C. Tylec (آسٹن سی ٹائلک) نے کہا، "نارتھ ٹوناوانڈا کو بذات خود تجربہ ہوا ہے کہ جب ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر رہائشیوں کے تحفظ کے لیے بنائے گئے ضوابط سے زیادہ تیزی سے آگے بڑھے تو کیا ہو سکتا ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے اس عارضی تعطل کی حمایت کرتا ہوں تاکہ نیو یارک کی جانب سے ایک واضح ریگولیٹری فریم ورک قائم کیا جا سکے اور کمیونٹیز کو وہ ذرائع فراہم کیے جا سکیں جن کی انہیں ان پروجیکٹس اور ان کے ممکنہ اثرات کا مکمل جائزہ لینے کے لیے ضرورت ہے۔"

کینمور گاؤں کے میئر Patrick Mang (پیٹرک مانگ) نے کہا، "میں نیو یارک میں ڈیٹا سینٹرز پر گورنر کی عارضی پابندی کو سراہتا ہوں۔ اس سے مقامی عہدیداروں کو وہ معلومات جمع کرنے کا وقت ملتا ہے جن کی ہمیں ڈیٹا سینٹرز کے بارے میں مکمل معلومات پر مبنی فیصلہ کرنے کے لیے ضرورت ہے۔"

فریڈونیا گاؤں کے میئر Michael Ferguson (مائیکل فرگوسن) نے کہا، "میں سمجھتا ہوں کہ ڈیٹا سینٹرز پر گورنر کی یہ عارضی پابندی آنے والے وقت میں ہماری جیسی چھوٹی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچائے گی۔ ایک قدم پیچھے ہٹ کر اور تمام امکانات کا جائزہ لینے سے کمیونٹیز کو اس معاملے میں عملی طور پر حصہ دار بننے کا موقع ملتا ہے۔ اب یہ ریاست کے ساتھ ایک شراکت داری کی صورت بن جاتی ہے؛ جس میں ہم اپنی کمیونٹیز کے لیے معیارات طے کرنے کی خاطر مل کر کام کریں گے۔ اس سے ہماری کمیونٹیز کو الگ الگ مطالعات اور معیارات تیار کرنے پر ہزاروں، بلکہ ممکنہ طور پر لاکھوں ڈالر خرچ کرنے سے بچایا جا سکے گا کیونکہ ہم ایک 'ریاست گیر' ضوابط کی چھتری تلے آ سکیں گے۔"

ٹوناوانڈا ٹاؤن کے سپروائزر John Flynn (جان فلن) نے کہا، "میں اس اہم مسئلے پر قیادت کرنے پر گورنر کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ڈیٹا سینٹرز پر ایک سال کی پابندی سے تمام متعلقہ فریقوں کو ان سہولت گاہوں سے وابستہ متعدد خدشات کا تجزیہ اور مطالعہ کرنے کا موقع ملے گا۔"

عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ نیو یارک AI کی جدت اور نمو میں ملک کی قیادت کرے۔ اپنے مالی سال 2025 کے بجٹ کے ایک جزو کے طور پر، گورنر نے Empire AI کا آغاز کیا تھا، جو عوامی مفاد کے لیے AI کے شعبے میں تحقیق کو آگے بڑھانے کا ملکی قیادت کرنے والا اقدام ہے۔ اس سال، انہوں نے پالیسی اور نجی شعبے کے اقدامات کے بارے میں مشاورت کے سلسلے میں فیوچر ورکس کمیشن (FutureWorks Commission) کا آغاز کیا ہے تاکہ کارکنوں کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے AI کے معاشی فوائد نیو یارک کے تمام شہریوں تک پہنچائے جا سکیں۔ یہ اعلیٰ سطحی کمیشن ملک کے نمایاں ماہرین، کارکنان کے حقوق کے حامیوں، اور کاروباری رہنماؤں پر مشتمل ہے اور اسے گورنر Hochul (ہوکل) کو یہ مشورہ دینے کی ذمہ داری سونپی جائے گی کہ AI پر منتقلی کے عمل سے کیسے مؤثر انداز سے استفادہ کیا جائے تاکہ اس کے فوائد صرف بڑی کمپنیوں تک محدود نہ رہیں بلکہ نیو یارک کے خاندانوں، کارکنوں اور چھوٹے کاروباری اداروں تک بھی پہنچیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے شہریوں کو آن لائن محفوظ رکھنے اور ریاست نیو یارک میں AI کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کو یقینی بنانے کے لیے ملک میں نمایاں حفاظتی اقدامات بھی نافذ کیے ہیں۔ پہل کاریوں میں شامل ہیں:

- بچوں کیلئے محفوظ ایکٹ (SAFE for Kids Act) اور بچوں کے ڈیٹا کے تحفظ کے ایکٹ (Child Data Protection Act)، جو بچوں کے لیے عادی بنانے والی فیڈز کو محدود کرتے ہیں اور آن لائن آپریٹرز کو باخبر رضامندی کے بغیر بچوں کا ڈیٹا جمع کرنے اور اسے منافع کمانے کے لیے استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔
- AI کمپینئن قانون سازی جس کے ذریعے پورے ملک میں سب سے پہلے ایسے حفاظتی اقدامات مقرر کیے گئے ہیں جنکے باعث اب اگر کوئی صارف خود کو نقصان پہنچانے کی بات کرے تو اسے ذہنی صحت کے وسائل کی جانب روانہ کر دیا جاتا ہے اور لت لگانے والے غیر صحت مندانہ رویوں کا تدارک ہو رہا ہے۔ گورنر نے AI کے ذریعے جنریٹ کیے گئے بچوں کے جنسی استحصال کے مواد کو بھی غیر قانونی قرار دیا ہے۔
- حال ہی میں دستخط شدہ انتباہی لیبلز بل جس میں سوشل میڈیا کمپنیوں کو ذہنی صحت پر پلیٹ فارم کے ممکنہ اثرات کے بارے میں انتباہات آویزاں کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- AI ڈیسیپٹو پریکٹسز ایکٹ (AI Deceptive Practices Act)، جو شبیہ/آواز کے غیر مجاز استعمال اور نجی نوعیت کی تصاویر کی غیر مجاز تشہیر کے خلاف حفاظتی اقدامات کو مضبوط بناتا ہے۔

اس سال، گورنر کا ڈیزائن کے اعتبار سے محفوظ ایکٹ (Safe by Design Act) مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں نافذ کیا گیا ہے۔ ڈیزائن کے اعتبار سے محفوظ ایکٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ عام سوشل اور گیمنگ پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے پیرنٹل کنٹرولز اعلیٰ ترین حفاظتی اقدامات پر سیٹ ہوں، جس کا مطلب ہے کہ 18 سال سے زائد عمر کے افراد جو کنکشنز میں شامل نہ ہوں، بچوں کے ساتھ نجی طور پر بات چیت نہیں کر سکتے، ان کی مکمل پروفائل نہیں دیکھ سکتے یا انہیں مواد میں ٹیگ نہیں کر سکتے۔ مقام کی سیٹنگز بھی بطور ڈیفالٹ بند کر دی جائیں گی، اور 13 سال سے کم عمر بچوں کو نئے کنکشن کے لیے والدین کی منظوری حاصل کرنا ہو گی۔ یہ آن لائن پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے AI چیٹ بوٹ کی بعض خصوصیات کو بھی غیر فعال کرتا ہے اور والدین کو آن لائن گیمنگ پلیٹ فارمز پر بچوں کی مالی ٹرانزیکشنز کی حد مقرر کرنے اور اپنے بچے کی ٹرانزیکشن ہسٹری دیکھنے کے قابل ہونا چاہیے۔ اگرچہ ان پلیٹ فارمز میں سے کئی نے بچوں کے لیے اپنی حفاظتی خصوصیات میں اضافہ کیا ہے، تاہم نیو یارک میں یہ اب قانون کے طور پر نافذ ہو چکا ہے اور یہ پلیٹ فارمز وقت کے ساتھ اس میں اپنی طرف سے نرمی نہیں لا سکتے۔

مزید برآں، گورنر Hochul (ہوکل) اب اپنی نوعیت کے پہلے ڈیجیٹل اختراع، گورننس، سالمیت اور اعتماد کا دفتر (Office of Digital Innovation, Governance, Integrity, and Trust, DIGIT) کا قیام بھی عمل میں لا رہی ہیں۔ DIGIT ڈیجیٹل تحفظ اور ٹیکنالوجی کی نگرانی کے لیے ایک مرکزی اور بااختیار ادارے کے طور پر کام کرے گا، نئے طریقے وضع کرے گا اور یکساں نفاذ کو یقینی بنائے گا تاکہ نیو یارک کے شہریوں کو آن لائن محفوظ رکھا جا سکے اور ساتھ ہی ایک ایسی ریاست کے طور پر نیو یارک کی حیثیت کا تحفظ کیا جا سکے جو جدید ترین جدت کو اہمیت دیتی اور اس میں سرمایہ کاری کرتی ہے۔ DIGIT آفس ابتدائی طور پر RAISE ایکٹ میں بیان کردہ کے مطابق بڑے فرنٹیئر AI ڈویلپرز کو ضابطے میں لانے پر توجہ دے گا، جس سے ان کے حفاظتی اقدامات میں زیادہ شفافیت ممکن ہو گی اور ڈویلپرز کے لیے حفاظت کے سنگین واقعات کی اطلاع دینے کا ایک نظام قائم کیا جائے گا۔ قانون کے مؤثر ہونے کی تاریخ 1 جنوری، 2027 ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں